میڈیا آفس
حزب التحریر
کینیا

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

﴿وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنكُمۡ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَيَسۡتَخۡلِفَنَّهُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ كَمَا ٱسۡتَخۡلَفَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمۡ دِينَهُمُ ٱلَّذِي ٱرۡتَضَىٰ لَهُمۡ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّنۢ بَعۡدِ خَوۡفِهِمۡ أَمۡنٗاۚ يَعۡبُدُونَنِي لَا يُشۡرِكُونَ بِي شَيۡـٔٗاۚ وَمَن كَفَرَ بَعۡدَ ذَٰلِكَ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡفَٰسِقُونَ﴾

حزب التحریر
Hizb ut Tahrir

منگل،18ذی القعدہ،1442ھ | 29/06/2021 | نمبر:14 / 1442

پریس ریلیز

حزب التحریر کینیا نے ایک وفد پاکستان کے سفارت خانے اس پیغام کے ساتھ بھیجا کہ نوید بٹ کی جبری گمشدگی ختم کی جائے

نوید بٹ کی بازیابی اور انہیں اُن کے خاندان سے ملانے کے لیے حکومت پاکستان اور اس کے آرمی جنرلز پر دباؤڈالنے کے لیے شروع کی گئی عالمی مہم کے تحت منگل 29 جون 2021 کو حزب التحریر کینیا نے ایک وفد نیروبی میں پاکستان کے سفارت خانے بھیجا۔

اس وفد کی قیادت کینیا میں حزب التحریر کے میڈیا نمائندے شابانی موالیمو کر رہے تھے جبکہ وفد مندرجہ ذیل افراد پر مشتمل تھا:

یسین کیوایو، حزب التحریر کینیا کی مرکزی رابطہ کمیٹی کے سربراہ

یوسف گاسانا، رکن حزب التحریر کینیا

یہ وفد سفارت خانے صبح 10:32 پر پہنچا اور سفارت خانے کے ایک اسٹاف ممبر چارلس سے بات کی جنہوں نے وعدہ کیا کہ اردو، عربی اور انگریزی زبانوں میں انہیں دی جانے والی ایک پریس اسٹیٹمنٹ کی تین کاپیاں وہ سفیر کو پہنچا دیں گے۔

یہ اسٹیٹمنٹ حزب التحریر کے مرکزی میڈیا آفس کے ڈائریکٹر نے جاری کی تھی، جس کا عنوان ہے: "پاکستان میں نوید بٹ کی جبری گمشدگی کو ختم کرنے کے لیے پکار۔" اس اسٹیٹمنٹ میں یہ مطالبہ کیا گیا تھا کہ حزب التحریر ولایہ پاکستان کے ترجمان انجینئر نوید بٹ کی جبری گمشدگی کو ختم کیا جائے، جنہیں نو سال قبل پاکستان کی انٹیلی جنس نے اغوا کر لیا تھا اور آج کے دن تک اُن کے متعلق کوئی معلومات میسر نہیں ہے۔ 2012 سے آج کے دن تک آنے والی ہر پاکستان کی حکومت نے نوید بٹ کے متعلق کوئی معلومات فراہم کرنے سے انکار کیا ہے اور صورتحال اس مقام پر پہنچ گئی ہے کہ پاکستان کی انٹیلی جنس نے اُن کے گھر والوں کو یہ دھمکی دی کہ اگر نوید بٹ نے حزب التحریر کی سیاسی سرگرمیوں سے خود کو علیحدہ نہ کیا تو انہیں جسمانی طور پر نقصان پہنچا سکتے ہیں۔

حزب التحریر کے مرکزی میڈیا آفس نے پاکستان کے سفارتی مشنز کو بھی مخاطب کیا اور کہا: " آپ پوری دنیا میں پاکستانی عوام کے کردار، وقار، تاریخ اور موجودہ صورتحال کی نمائندگی کرتے ہیں۔ نوید کی جبری گمشدگی آپ کے مادر وطن میں انصاف کی ساکھ کو داغدار کرتی ہے۔ ہم آپ سے التجا کرتے ہیں کہ حکومت کی طرف سے لائی جانے والی اس شرمندگی کو روکنے میں اپنا کردار ادا کریں۔" اس بیان میں مسلمانوں اور میڈیا کو بھی مخاطب کیا گیا ہے کہ وہ اس مہم کا حصہ بن کر پاکستان کی حکومت پر دباؤ ڈالیں۔ "ہم آپ سب کو پکارتے ہیں: حکومتِ پاکستان اور اس کی فوج کے جرنیلوں پر نوید بٹ کی رہائی کے لیے دباؤڈالنے کی اس مہم میں اپنا حصہ ڈالنے کے لئے آگے آئیں، اور انھیں اپنے کنبہ کے ساتھ دوبارہ ملا دیں۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا: ﴿وَإِنِ اسْتَنصَرُوكُمْ فِي الدِّينِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ﴾ **"اور اگر وہ تم سے دین (کے معاملات) میں مدد طلب کریں تو تم کو مدد کرنی لازم ہوگی"** (الانفال، 8:72)"۔

شابانی موالیمو

کینیا میں حزب التحریر کے میڈیا نمائندے

حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
ویب پیج آفس حزب التحریر میڈیا: http://www.hizb-ut-tahrir.info
موبائل فون: +254 707458907
ویب سائٹ: www.hizb.or.ke
ای میل: **mediarep@hizb.or.ke**